PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی ذکا اشرف کی نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے ملاقات

لاہور 11 دسمبر، 2023ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین ذکا اشرف نے پیر کے روز اسلام آباد میں نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے ملاقات کی۔

وزیر اعظم کاکڑ نے ملاقات میں پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے اقدامات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں سراہا۔ انہوں نے ملک بھر میں بالخصوص دور دراز علاقوں میں کرکٹ کی رسائی بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔

وزیر اعظم کاکڑ نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے انعقاد کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی تاکہ پاکستان سپر لیگ کے میچز اور عام انتخابات کا دن ایک دوسرے سے متصادم نہ ہو سکیں۔ اس ضمن میں ووٹنگ والے دن کے ممکنہ ٹکراؤ سے بچنے کے لیے ایچ بی ایل پی ایس ایل کے میچوں کا شیڈول ایڈجسٹ کیا جاسکتا ہے۔

وزیر اعظم کاکڑ نے دوسرے کرکٹ بورڈز کے ساتھ روابط کو بہتر بنانے کی کوششوں پر پی سی بی کی تعریف کی۔ انہوں نے خاص طور پر کرکٹ آسٹریلیا اور انگلینڈ کرکٹ بورڈ سے تعلقات مضبوط کرنے کی اہمیت کا ذکر کیا۔

وزیراعظم کاکڑ نے پی سی بی پر زور دیا کہ وہ پاکستان میں 2025 کی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی کامیاب میزبانی کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز اور سکیورٹی ایجنسیوں کے ساتھ مربوط انداز میں کام کرے۔ وزیراعظم کاکڑ نے پی سی بی کی جانب سے ملک میں ہر سطح پر کرکٹ کے فروغ کے لیے کی جانے والی کوششوں کے لیے حکومت کی جانب سے مکمل حمایت کا اظہار بھی کیا۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial